میریلینڈ میں پبلک پری کنڈرگارٹن

والدین کے لیے رہنما

نینسی ایس ۔ گراسمک
ریاستی سپرنٹنڈنٹ برائے اسکولز

ڈنبر بروکس
صدر
میریلینڈ ریاستی بورڈ برائے تعلیم

مارٹن او' میلے
گورنر

MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION
Achievement Matters Most

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں:

Maryland State Department of Education
Division of Early Childhood Development
200 W. Baltimore Street, 10th floor
Baltimore, Maryland 21201
MarylandPublicSchools.org

فون: 410-767-0602
فیکس: 410-333-6226
ای میل: mcockey@msde.state.md.us

اپنے مقامی تعلیمی بورڈ میں ارلی چائلڈ ہوڈ آفس سے رابطہ کریں

ایلگینی کاؤنٹی	301-759-2012
اینئے ارونڈیل کاؤنٹی	410-222-5441
بالٹی مور کاؤنٹی	410-396-6602
بالٹی مور کاؤنٹی	410-887-4313
کالورٹ کاؤنٹی	410-535-7264
کیرولائن کاؤنٹی	410-479-2896
کیرول کاؤنٹی	410-751-3048
سیسل کاؤنٹی	410-996-5424
چارلس کاؤنٹی	301-934-7380
ڈورسیسٹر کاؤنٹی	410-221-1111
فریڈرک کاؤنٹی	301-696-6864
گیرٹ کاؤنٹی	301-334-7645
ہرفورڈ کاؤنٹی	410-588-5252
ہاورڈ کاؤنٹی	301-313-5659
کینٹ کاؤنٹی	410-810-3903
مونٹگمری کا ؤنٹی	301-230-0691
پرنس جارجز کاؤنٹی	301-808-2723
کوئین اینیز کا ؤنٹی	410-758-2403
سینٹ میری کاؤنٹی	301-475-5511
سمرسیٹ کاؤنٹی	410-621-6243
ٹالبوٹ کاؤنٹی	410-822-0330
واشنگٹن کاؤنٹی	301-766-2955
ویکومیکو کا ؤنٹی	410-677-4523
ورسیسٹر کاؤنٹی	410-632-5042

پبلک پری کنڈرگارٹن کیا ہے؟

پبلک اسکولوں میں پری کنڈرگارٹن 4 سال کی عمر کے بچوں کے لیے ریاست سے مالی امداد یافتہ ایک پروگرام ہے۔ سرکاری اسکولوں میں پری کنڈرگارٹن کا بنیادی نشانہ نوعمر بچوں کو ایسا تعلیمی تجربہ فراہم کرنا ہے جس سے نوعمر بچے متعدد میدانوں میں اپنی اہلیتوں کو فروغ دے سکیں تاکہ اسکول میں ان کے بہتر کرنے کا امکان زیادہ ہو۔ اعلی معیاری پری کنڈرگارٹن تجربات بچوں کو اس طرح مدد کرتے ہیں کہ وہ کنڈرگارٹن میں داخل ہوتے وقت سیکھنے کے لیے پوری طرح تیار ہوتے ہیں۔ یہ تجربات ذاتی اور سماجی نشوونما، زبان اور خواندگی، سائنسی فکر، ریاضیاتی سوچ، سماجی علوم، فنون لطیفہ (فائن آرٹس)، جسمانی نشوونما، اور صحت کی تعلیم پر مرکوز ہوتے ہیں۔

پبلک پری کنڈرگارٹن پروگراموں کو کس طرح چلایا جاتا ہے؟

پبلک اسکول نظاموں کو پری کنڈرگارٹن پروگراموں کے لیے ایسی پالیسیاں تیار کرنی چاہیے جو ریاستی ضابطوں کے مطابق ہوں۔ پری کنڈرگارٹن پروگرام عام طور پر صبح میں نصف دن یا دوپہر بعد نصف دن کا پروگرام ہے۔ کلاس 2½ گھنٹے کی اور اسکولی سال کے دوران ہفتے میں پانچ دن کی ہوتی ہے۔ ہر کلاس میں اوسطا 20 بچے ہوتے ہیں۔ ہر کلاس کے لیے ایک ریاست سے سند یافتہ ارلی چائلڈ ہوڈ ٹیچر اور ایک مستند کل وقتی معاون کو مقرر کیا جاتا ہے۔ پری کنڈرگارٹن پروگرامز لازمی طور پر ریاستی نصاب کے مطابق ہونے چاہئیں۔ والدین اور اساتذہ ہر بچے کی پیشرفت پر پابندی کے ساتھ مواصلت کرتے ہیں۔ اسکولی نظاموں کو معاشرے کے نگراں اطفال (چائلڈ کیئر پرووائیڈرز) کے ساتھ بھی اشتراک کو فروغ دینا چاہیے۔ اپنے معاشرے میں پری کنڈرگارٹن پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، اپنے مقامی پبلک اسکول نظام کے ارلی چائلڈ ہوڈ آفس کو فون کریں (اس بروشر کی پشت پر دیکھیں)۔

پری کنڈرگارٹن کے لیے کون اہل ہے؟

پبلک اسکول پری کنڈرگارٹن کا اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ بچے اس اسکولی سال کے 1 ستمبر کو یا اس سے قبل 4 سال کی عمر کے ہوں جب ان کے اہل خانہ ان کی تعلیم شروع کروانا چاہتے ہوں۔ وہ لازمی طور پر ایسے کنبوں سے ہوں جو مالی طور پر پسماندہ ہوں یا بے گھر ہوں۔ درخواست دینے والے مالی لحاظ سے پسماندہ تمام بچوں کو پہلے داخلہ دیا جائے؛ البتہ، اگر جگہ بچ جاتی ہے تو، پبلک اسکول نظام ایسے بچوں کو داخلہ دے سکتا ہے جو مالی طور پر پسماندہ نہیں لیکن انہیں اسکول کیلئے تیار کرنے کی ضرورت ہے۔